میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ لبنان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 08 رجب، 1437ھ | 15/04/2016 | نمبر: H.T.L 18/2016

پریس ریلیز

لبنان میں پاکستان کے سفارت خانے کو خط پہنچایا گیا

ولایہ لبنان میں حزب التحریر کے ایک وفد نے پاکستانی سفیر کو پیغام پہنچایا۔ اس وفد کی سربراہی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن انجینئر صالح سلام کر رہے تھے اور کمیٹی کے رکن استاد بلال زید ان کے ہمراہ تھے۔ اس پیغام میں پاکستانی حکومت سے ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کے ترجمان انجینئر نوید بٹ کو فوراً رہا کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے جن کو پاکستانی سیکیورٹی اداروں نے 11 مئی 2012 کو اغوا کیا تھا۔

ہم "اغوا" اس لیے کہہ رہے ہیں کہ نوید بٹ کے خلاف کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی نہیں کی گئی اور ان کو گرفتار کرنے کا طریقہ بھی ڈاکوں کے طریقے کے مطابق تھا۔ یاد رہے کہ اسلام آباد سپریم کورٹ نے سیکیورٹی اہلکاروں کو انہیں بازیاب کرانے کا کئی بار حکم دیا اور ان کو کورٹ میں پیش کرنے کا کہا، مگر آج تک جبکہ، ان کو اغوا کیے چار سال گزر چکے ہیں، سیکیورٹی ادارے ان کو برآمد کرنے سے انکاری ہیں۔

اسلامی دنیا میں حکومتوں کا یہ اسلوب جو وہ اپنے شہریوں کے خلاف اپناتے ہیں اس بات کی واضح دلیل ہے کہ یہ حکومتیں ذہنی طور پر دیوالیہ اور اپنا جواز کھو چکی ہیں۔ لبنان میں بھی اسی طرح عدالتی حکم کے بغیر ہی "فون ریکارڈ" پر لوگوں کو گرفتار کیا جاتا ہے، یہی حال پاکستان کا ہے، جو اس بات کی دلیل ہے کہ دونوں ممالک میں احکامات دینے والے ایک ہی ہیں۔

ولایہ لبنان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ٹیلی فون: 009616629524 فیکس: 009616424695
ای میل: ht@tahrir.info
ویب سائٹ: www.tahrir.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info